1989ء سے مسلسل اشاعت | 18 نومبر تا 24 نومبر 2022 | شمارہ نمبر 47 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM TM

**ISO 900: 2015**
**International Business Management**
**CERTIFIED**

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

**111-IBM-PAK**
**Please Contact For Booking**

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp





BMG

بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خامس سعید بٹ

چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

GOLD ExcelPro PAPERLINE a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eX EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eX pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eX srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS Ellustra DRAWING PAPER
enza foopak CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا
کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 23 رنگین اور 17 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے



# پاکستان کی تاریخ کی شاندار کامیابی، کسٹم نے ریفنڈ کا اجرا شروع کر دیا

## محمد سلیم بیکیا اور آئی بی ایم کی ٹیم کو زبردست خراج تحسین، جلد پروقار تقریب ہوگی، وفاقی ٹیکس محتسب کا پیپر امپورٹرز کو ریفنڈ کرنے کا حکم جاری کیا تھا

### 2003 میں آئی بی ایم کے دفتر پر چھاپے کے بعد بننے والے کیسز کا آخری مرحلہ بھی کامیاب محمد سلیم بیکیا کی رہنمائی میں 19 سال بعد پایہ تکمیل کو پہنچ گیا



کراچی (پیپر بزنس نیوز) پیپر مارکیٹ کے مشہور زمانہ تاریخی اجتماعی انڈر انوائسنگ کے 2003 کے کسٹم کے لگائے گئے الزامات کے کیس میں 19 سال بعد وفاقی ٹیکس محتسب نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو حکم جاری کیا تھا کہ سپریم کورٹ، ہائی کورٹ کے فیصلوں کے باوجود طویل عرصہ سے التوا کا شکار پیپر امپورٹرز کے ریفنڈ قانون کے مطابق فوری طور پر ادا کر دیئے جائیں۔ الحمدللہ! ایف ٹی او کے احکامات پر عملدرآمد کا آغاز ہو گیا ہے اور 14 نومبر 2022 کو مقامی امپورٹر کو 15 لاکھ روپے کا چیک موصول ہو گیا ہے۔ چیک ملنے پر امپورٹرز نے مسرت کا اظہار کیا ہے اور چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا اور آئی بی ایم کی پوری ٹیم کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے جلد ہی ان کے اعزاز میں شاندار تقریب کے انعقاد کا اعلان کیا ہے۔ امید ہے کہ جلد ہی دیگر امپورٹرز کو چیک ملنا شروع ہو جائیں گے۔ کسٹم کی جانب سے ریفنڈ کی ادائیگی پاکستان کی تاریخ کا منفرد واقعہ ہے اور یہ آئی بی ایم کے محمد سلیم کی طویل جدوجہد کی شاندار کامیابی قرار دی جا سکتی ہے۔ واضح رہے کہ ایف ٹی او نے اسے فیصلے پر عملدرآمد کیلئے 45 دن کا وقت دیا تھا۔ وفاقی ٹیکس محتسب نے 19 ستمبر 2022 کو ایک حکم جاری کیا تھا جس میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو فوری طور پر عرصہ سے التوا میں پڑے ریفنڈ کے دعویٰ کو قانون کے مطابق نمٹانے کا کہا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ایف بی آر کے ممبر (قانون) کو یہ ہدایت جاری کی تھی کہ وہ اپنے تمام دفاتر کو ہدایات جاری کریں کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ معزز ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں ریفرنسز دائر کرنے سے قبل کیسز کا باریک بینی سے جائزہ لے کر صرف ان کیسز کے خلاف اپیل دائر کریں جس کے لیے مضبوط شواہد اور دلائل موجود ہوں اور قانونی طور پر جیتے جا سکتے ہوں۔ وفاقی ٹیکس محتسب نے یہ فیصلہ الرحیم پرنٹرز کراچی سمیت 30 امپورٹرز کے ایک گروپ کی جانب سے داخل کی گئی، ایک درخواست پر دیا ہے۔ وفاقی محتسب نے فیصلے پر عملدرآمد کے لیے 45 دن کا وقت دیا تھا جس کی مدت ختم ہو گئی تھی لیکن 60 دن سے قبل کسٹم نے ادائیگی شروع کر دی حکم میں مزید کہا تھا کہ اس کے علاوہ ایسی دیگر یکساں شکایات کنندگان اور امپورٹرز پر بھی اس کا اطلاق کرے۔ واضح رہے کہ 2003 میں آئی بی ایم کے دفتر پر چھاپے کے نتیجے میں 209 امپورٹرز سے جبراً (ڈیمانڈ نوٹسز کے ذریعے) کسٹم نے ساڑھے تین کروڑ روپے سے زائد کی رقم وصول کر لی تھی




جس کے خلاف آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا 19 سال سے جدوجہد کر رہے تھے۔ امپورٹرز کا موقف تھا کہ یہ ڈیمانڈ نوٹس آئی جی ایم اور انڈیکس نمبر اور بل آف انٹری نمبر کے بغیر اور طریقہ کار کے مطابق شوکاز نوٹسز کے بغیر درآمد کنندہ سے جبری ڈیوٹی اور ٹیکسز کی مد میں طلب کئے گئے تھے۔ جس پر بعض امپورٹرز نے کسٹم کی اس دھمکی کے بعد وہ ان کے خلاف کریمنل کیسز رجسٹرڈ کرے گا بعض امپورٹرز نے جزوی رقوم کی ادائیگی کر دی تھی۔ قبل اس کے کہ مزید ادائیگی کا مطالبہ کیا جاتا ایک امپورٹر نے ہائی کورٹ آف سندھ سے رجوع کر لیا تھا اور اس کے نتیجے میں ڈپارٹمنٹ نے شوکاز نوٹس جاری کئے تھے جس کو ہائی کورٹ نے کالعدم قرار دے دیا تھا اور کسٹم نے 10 جون 2005 کو 209 امپورٹرز کو شوکاز نوٹسز جاری کر کے ایڈ جوڈیکشن آرڈر ان اوریجنل نمبر 2005/352 جاری کر دیا تھا اس حکم کو کسٹم اپیلٹ ٹریبونل میں چیلنج کیا گیا جہاں امپورٹرز کی اپیل منظور کر لی گئی تھیں اس کے خلاف محکمہ کسٹم نے اپیل کسٹم ریفرنس درخواست نمبر 477 تا 2011/541 ہائی کورٹ آف سندھ میں داخل کی جو 26 مارچ 2021 کو مسترد کر دی گئی محکمہ نے ایک بار پھر اس فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ آف پاکستان میں اپیل دائر کی اور عدالت عالیہ نے بھی اس درخواست کو نمٹا دیا اور Leave to appeal مسترد کر دی گئی اس صورت حال پر شکایت کنندہ نے سیکریٹری ریونیو ڈویژن کے خلاف ایف ٹی او سے رجوع کیا جس کے جواب میں کسٹم اپریزمنٹ ویسٹ کسٹم ہاؤس کراچی نے کہا کہ درخواست دہندہ کو یکم اگست 2022 کو ہدایت کر دی گئی کہ وہ ضروری دستاویزات کے ساتھ اپنے ریفنڈز کے کیسز جمع کرا دیں۔ جس پر شکایت کنندہ نے بتایا کہ وہ متعدد بار محکمہ کو ضروری دستاویزات کے ساتھ بھرپور تعاون کی پیشکش کر چکے ہیں لیکن کوئی عمل نہیں ہوا، لہٰذا جس پر ایف ٹی او نے حکم جاری کر دیا کہ بیس سال سے التوا میں پڑے کیس کو قانون کے مطابق فوری طور پر نمٹایا جائے۔ یہ اپیلیں الرحیم پرنٹرز، عمار پیپر مارٹ، انعم ٹریڈرز، بابو برادرز، کارڈ امپیکس، فیئر ٹریڈ لنکرز، گرے پرنٹرز، گل امپیکس، ایچ ایم نقی اینڈ سنز، ہمدم پیپر مارٹ، حسن اینڈ حسن ٹریڈرز، حسینی پیپر، امپیکس ایجنسیز، الیاس برادرز، ماریہ ٹریڈرز، ایم کامل اینڈ سنز، منیر پیپر مارٹ، ناصر قاسم، پرائیڈ پیپر مارٹ، ریحان پیپر مارٹ، سیدات سنز، شعیب انٹرپرائزز، شعیب انٹرنیشنل، اسپوٹ لٹ پرنٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ، سید سراج الحسن اینڈ سنز، یونیورسل پیپر مارٹ، ورائٹی پیپرز، یونس برادرز، یوسف سنز، ذہابیہ ٹریڈرز (کراچی) نے پہلی اپیل داخل کی گئی تھیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# قابل ٹیکس آمدن نہ رکھنے والوں سے ناقابل ایڈجسٹ ایڈوانس ٹیکس کی وصولی غیر آئینی ہے، لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ

لاہور (بزنس ڈیسک) لاہور ہائیکورٹ نے قابل ٹیکس آمدن نہ رکھنے والوں سے ناقابل ایڈجسٹ ایڈوانس ٹیکس کی وصولی غیر آئینی قرار دیدی۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس شاہد جمیل نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء میں ترمیم کا حکم دیتے ہوئے کم آمدن والوں سے ایڈوانس ٹیکس وصولی غیر آئینی قرار دیدی، عدالت نے موبائل فون صارفین اور شادی ہال کی بکنگ پر ایڈوانس ٹیکس کی وصولی کیخلاف درخواستوں پر فیصلہ سنایا، عدالت نے تمام 22 پٹیشنز درخواستوں میں بدل کر اٹارنی جنرل سے مشاورت کیلئے چیئرمین ایف بی آر کو بھجوادیں، عدالت نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء میں ترمیم کا معاملہ اٹارنی جنرل اور چیئرمین ایف بی آر کے سپرد کرتے ہوئے ان سے 90 دن میں رپورٹ طلب کر لی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد جمیل نے ریمارکس دیئے کہ بدقسمتی سے بے روزگار اور ٹیکس سلیب سے کم آمدن والے لوگ بھی پہلے ہی ضروری اشیاء پر اتنا ٹیکس دے رہے ہیں، جتنا ایک امیر آدمی دے رہا ہے، آمدنی کا تخمینہ لگائے بغیر ٹیکس وصولی نہیں ہوسکتی، فیصلے تک درخواست گزاروں کو دیا گیا عبوری ریلیف جاری رہے گا، بغیر آمدن والے زندگی کی بنیادی ضروریات ریاست سے لینے کے حقدار ہوتے ہیں۔ عدالت نے قرار دیا کہ جو پہلے ہی ٹیکس دینے کی حد میں نہیں آتا، اس سے ایڈوانس ٹیکس نہیں لیا جاسکتا، حکومت قانون میں ترمیم کرے، ایک اور تشویش ناک پہلو ایڈوانس ٹیکس لگانے کا رجحان ہے۔

## 17واں عالمی کتب میلہ 8 سے 12 دسمبر تک منعقد ہوگا، عزیز خالد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کتابوں سے پیار کرنے والوں کے لیئے بڑی خوشخبری، ان کا انتظار ختم ہورہا ہے، 17واں عالمی کتب میلہ 8 تا 12 دسمبر تک ایکسپوسینٹر میں منعقد ہوگا۔ پانچ روزہ کتب میلے کا افتتاح 8 دسمبر کو صبح 11 بجے ہوگا۔ اس کتب میلے کا اہتمام پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے تحت ہوگا یہ 17واں کتب میلہ ہوگا جس کی باقاعدہ تیاریاں شروع کردی گئی ہیں۔ اس میلے کا آغاز سن 2005 میں ہوا تھا اور مسلسل 15 برس تک ہر سال باقاعدگی کے ساتھ کتب میلہ منعقد ہوتا رہا تاہم کوویڈ 19 کے سبب پہلی بار کراچی عالمی کتب میلے میں اس وقت تعطل آیا جب 2020 میں کوویڈ کے مریضوں کے لیے ایکسپوسینٹر کراچی میں فیلڈ اسپتال قائم کیا گیا اور بعد ازاں اس اسپتال کو



کراچی کے سب سے بڑے ویکسینیشن سینٹر میں تبدیل کردیا گیا سربراہ پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عزیز خالد نے بتایا کہ کتب میلہ ایکسپو سینٹر کراچی کے ہال نمبر 1، 2 اور ہال نمبر 3 میں ہوگا جہاں ساڑھے تین سو سے زائد کتب کے اسٹالز لگائے جائیں گے انھوں کہا کہ اس بار بھی غیر ملکی پبلیشرز کو کتب میلے میں مدعو کیا گیا ہے گزشتہ کتب میلے میں پانچ لاکھ سے زائد لوگوں نے شرکت کی تھی۔

## پیپر مارکیٹ میں ڈکیتی کی واردات

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کراچی میں بڑھتی ہوئی ڈکیتیوں کا اثر کراچی پیپر مارکیٹ پر بھی پڑا ہے اور ڈاکوؤں کی دیدہ دلیری میں اضافہ ہوگیا ہے۔ پیپر مارکیٹ میں گارڈز کی تعیناتی کے بعد گزشتہ چند سالوں سے ڈکیتی کی وارداتوں میں نہ ہونے کے برابر تھیں لیکن 15 نومبر کو ڈاکوؤں نے دیدہ دلیری کے ساتھ بینک سے نقد 7 لاکھ روپے کی رقم لانے والے دو افراد کو طیب جی روڈ اور فیض محمد فتح علی روڈ کی درمیانی گلی میں فائرنگ سے خوف و ہراس پھیلا کر لوٹ لیا۔ جواب میں گارڈوں نے بھی فائرنگ کی لیکن ڈاکو رقم لے کر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

## حکومت کا سود کے فیصلے کیخلاف اسٹیٹ بینک اور نیشنل بینک کی اپیلیں واپس لینے کا اعلان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے ملک میں اسلامی بنکنگ نظام لانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ سود سے متعلق شریعت کورٹ کے فیصلے کیخلاف اسٹیٹ بینک اور نیشنل بینک کی اپیلیں واپس لے رہے ہیں، میڈیا سے گفتگو میں اسحاق ڈار نے کہا کہ کوشش ہے جتنا جلدی ہوسکے پاکستان میں اسلامی نظام نافذ کریں، معاملے پر تفصیلی بحث ہوئی، گورنر اسٹیٹ بینک سے خصوصی مشاورت کی گئی اسٹیٹ بینک اور نیشنل بینک وفاقی شریعت کورٹ کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں دائر اپیلیں واپس لیں گے، وفاقی شریعت کورٹ نے سود کے خلاف فیصلہ دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سود سے پاک نظام کو تیزی سے آگے لے کر چلیں گے۔ 75 سال سے جاری بینکاری نظام کو یکدم تبدیل نہیں کیا جاسکتا، ملکی معیشت کی بہتری کیلئے حکومت اہم اقدامات کررہی ہے اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ وفاقی شریعت کورٹ نے فیصلہ دیا تھا کہ معیشت کو سود سے پاک کیا جائے، پچھلے ہفتوں اس پر تفصیل سے بات ہوئی اور گورنر اسٹیٹ بینک سے روڈ میپ ڈسکس کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک میں اسلامی بینکنگ نظام کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ بدھ 9 نومبر 2022 کو وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت میں اس وقت بہتری آرہی ہے۔

## ڈالر کی قدر میں مصنوعی اضافہ کرنے والے بینکوں کے خلاف انکوائری رواں ماہ مکمل ہوجائے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینٹ قائمہ کمیٹی خزانہ وریونیو میں گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے بتایا کہ جن بینکوں نے روپے کی قدر میں مصنوعی اضافہ کر کے اربوں روپے کمائے ان کیخلاف انکوائری آخری مراحل میں ہے اور رواں ماہ میں مکمل کر لی جائیگی، وزیر مملکت خزانہ عائشہ غوث پاشا نے کہا اسٹیٹ بینک کو سفارش کی ہے کہ ملوث بینکوں کو زیادہ سے زیادہ جرمانہ عائد کیا جائے، سینیٹر کامل علی آغا نے ایف بی آر کی جانب سے بلاجواز نوٹس بھیجنے کا معاملہ کمیٹی میں اٹھایا، گورنر اسٹیٹ بینک نے ایل سی کھولنے کے معاملے پر کہا کہ 80 فیصد درآمدی اشیاء پر ایل سی کھولنے میں کوئی مسئلہ نہیں 20 فیصد مصنوعات پر اسٹیٹ بنک کی اجازت درکار ہے جبکہ ایل سی کھولنے کی حد بڑھا کر ایک لاکھ ڈالر کردی گئی ہے، کمیٹی نے کہا کہ پورٹ قاسم میں کھڑے کنٹیرز کی جلد کلیئرنس کیلئے کمیٹی تشکیل دی جائے اور انکو کلیئر کیا جائے، کمیٹی کا اجلاس سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت ہوا، گورنر سٹیٹ بنک نے بتایا کہ بجٹ اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں اضافے کے باعث کرنسی کی قدر پر دباؤ بڑھا بعض بنکوں نے صارفین کو زیادہ ریٹ پر ڈالر فروخت کیا ان کیخلاف انکوائری جاری ہے نوٹس دیئے گئے ہیں، سینیٹر محسن عزیز نے کہا کہ اس وقت ڈالر کی اصل فرق 25 سے 30 روپے تک ہے، مارکیٹ میں انٹر بنک ریٹ سے 25 سے 30 روپے مہنگا مل رہا ہے، سینیٹر فیصل سلیم نے کہا کہ ملوث بنکوں کے لائسنس منسوخ کیے جائیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# 17th Karachi International Book Fair (KIBF)




## 08 - 12 December 2022

## Karachi Expo Centre

## Halls 1, 2 & 3 Timings: 10 am - 9 pm

**Organised by:**
**THE PAKISTAN PUBLISHER & BOOKSELLERS ASSOCIATION**
www.kibf.pk

**In Association with:**
**NATIONAL BOOK FOUNDATION GOVERNMENT OF PAKISTAN**

**Event Manager:**
**EVENT AND CONFERENCE INTERNATIONAL (PVT.) LTD.**





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS (PVT) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80
**GSM**




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP

USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

# IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.

With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS

80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

ISO 9001: 2015 Certified Quality Management System

## International Business Management

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk I website : www.ibmpakistan.com

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# آرٹ کارڈ و پیپر، کاربن لیس، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، آفسیٹ آئی کے میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی دیکھنے میں آئی اور 16 نومبر 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ، آرٹ کارڈ جاپان، آرٹ پیپر جاپان او جے آئی اور ایل ڈبلیوسی، کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو، امپریشن اسٹار، امپریشن ڈاٹ، اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ اور لیبل ٹیک چائنا، مقامی ڈپلیکس بورڈ انر جی اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ آفیسٹ آئی کے اور ریل کٹ اور گریس پروف پیپر کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئنز انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 380 روپے سے کم ہوکر 375 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ جاپان تمام سائز تمام گرام، 415 روپے سے کم ہوکر 400 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 370 روپے سے کم ہوکر 365 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ ایل ڈبلیوسی جاپان تمام سائز 60 گرام، 370 روپے سے کم ہوکر 365 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 18x23 سائز 3500 روپے سے کم ہوکر 3400 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز، 5800 روپے سے کم ہوکر 5500 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ امپریشن ڈاٹ چائنا 24x34 سائز، 5800 روپے سے کم ہوکر 5500 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انر جی سنر جی مل تمام سائز 290 گرام، 230 روپے سے کم ہوکر 223 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 385 روپے سے بڑھ کر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 380 روپے سے بڑھ کر 385 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 860 روپے سے کم ہوکر 850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 860 روپے سے کم ہوکر 850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1075 روپے سے کم ہوکر 1060 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1180 روپے سے کم ہوکر 1170 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 850 روپے سے کم ہوکر 830 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ، 20x30 سائز، 3850 روپے سے کم ہوکر 3800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2800 روپے سے بڑھ کر 2830 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ گریس پروف پیپر 19x29 سائز 35 گرام، 4100 روپے سے بڑھ کر 4400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# زرمبادلہ کی غیر قانونی سرگرمیوں کیلئے ''وسل بلوئنگ فورم'' کے قائم کردیا گیا

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے زرمبادلہ کی اسمگلنگ کو روکنے اور ڈالر مہنگے داموں فروخت کرنے والوں کے خلاف کاروائی کے لئے ،، وسل بلوئنگ فورم،، کے قیام کا اعلان کیا ہے، بینک اعلامیہ کے مطابق اسٹیٹ بینک نے عوام کی جانب سے زرمبادلہ کی غیر قانونی سرگرمیوں کی نشاندہی کے لیے وسل بلوئنگ کا فورم متعارف کرادیا، اس مقصد کے لئے اسٹیٹ بینک نے احتساب اور دیانت داری کے ماحول کو فروغ دینے کی غرض سے ایک مخصوص ای میل ایڈریس (WhistleBlowing.FX@sbp.org.pk) متعارف کرایا ہے، جسے استعمال کرتے ہوئے عوام زرمبادلہ میں انجام دی جانے والی کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی اطلاع اسٹیٹ بینک کو دے سکتے ہیں۔ یہ ای میل کسی ایکس چینج کمپنی کی جانب سے انجام دی جانے والی غیر قانونی سرگرمی سے آگاہ کرنے یا کسی ایکس چینج کمپنی کی طرف سے کرنسی کے تبادلے کی ٹرانزیکشن کی سسٹم سے نکلی ہوئی رسید فراہم نہ کرنے کی رپورٹ کرنے میں بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق زرمبادلہ کی غیر قانونی سرگرمی کی رپورٹنگ کرتے وقت شکایت کنندہ سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ جس حد تک ممکن ہوسکے حقائق اور مخصوص معلومات اور تفصیلات فراہم کرے تاکہ اس معاملے کا جامع طور پر جائزہ لیا جاسکے۔

# فیڈریشن کے وفد کی سیکرٹری انڈسٹریز سے ملاقات

پشاور (بزنس ڈیسک) کوآرڈینیٹر ایف پی سی سی آئی سرتاج احمد خان کی قیادت میں بزنس کمیونٹی کے ایک وفد نے سیکرٹری انڈسٹری خیبر پختونخوا ثاقب رضا اسلم سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس ملاقات کا مقصد صوبے میں بزنس کمیونٹی اور کارخانہ داروں کو درپیش مشکلات سے متعلق سیکرٹری کو آگاہ کرنا اور چیمبر آف کامرس کے لئے گرانٹ کی فراہمی کے حوالے سے تبادلہ خیال کرنا تھا۔ سرتاج احمد خان نے سیکرٹری انڈسٹری اور صوبائی حکومت کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے ایف پی سی سی آئی کے لئے دس کروڑ روپے کی گرانٹ کی منظوری کے لئے اپنا کردار ادا کیا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بار ایسوسی ایشن کو جس انداز سے سالانہ گرانٹ مل رہی ہے اسی طرز کے گرانٹ صوبائی حکومت چیمبر آف کامرس کے لئے بھی مختص کرے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ سارے چیمبرز کے لئے دفتر تعمیر کرنے کے لئے صوبائی حکومت کی جانب سے زمین فراہم کی جائے جسکے جواب میں سیکرٹری انڈسٹریز نے یقین دہانی کروائی۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کے ای کا نیا بل-92 ٹن کاغذ کی بچت ہوگی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کے الیکٹرک (کے ای) نے پاکستان کے شعبہ توانائی میں موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے ایک اور منفرد اقدام کیا ہے جس کے تحت ادارے نے چھوٹے سائز کا "ہرا بل" متعارف کرایا ہے۔ ماہ نومبر سے جاری ہونے والا یہ بل کے۔الیکٹرک کے صارفین کو بلنگ کی اہم معلومات پہنچانے کا مؤثر اور ماحول دوست ذریعہ ثابت ہوگا۔ اس حوالے سے ترجمان کے الیکٹرک کا کہنا ہے کہ اگلی دہائی کو مدنظر رکھتے ہوئے ادارہ اپنے جنریشن مکس میں صاف، ماحول دوست اور سبز متبادل توانائی شامل کرنے کے لیے بھی مصروف عمل ہے۔ اپنی خدمات میں جدت اور ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے کمپنی تیزی کے ساتھ کاغذ کے استعمال کو کم سے کم کررہی ہے۔ کے الیکٹرک کا اگلا قدم پائیداری کی اس سوچ کو اس کے 3.4 ملین سے زائد اُن صارفین تک منتقل کرنا ہے جو اب بھی کاغذ پر مبنی بل وصول کررہے ہیں۔ یہ نیا اور ماحول دوست بل کے۔الیکٹرک کے تمام صارفین کو فوری طور پر ماحولیات کا تحفظ یقینی بنانے والوں کے صف میں شامل کردے گا۔ اس سادہ مگر مؤثر اقدام لگ بھگ 92 ٹن کاغذ پر مبنی کچرے کو کراچی کی لینڈ فلز سائٹ میں جانے بچانے کے ساتھ ساتھ 4200 سے زائد درختوں کو محفوظ بنائے گا اور سالانہ بنیادوں پر 265 ملین لیٹر پانی کی بچت کو بھی یقینی بنائے گا۔

## اعلیٰ عدالتوں میں ٹیکس کے کُل 87,958 زیر التوا مقدمات ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک بھر کی اعلیٰ عدلیہ بشمول سپریم کورٹ آف پاکستان، پانچ متعلقہ ہائی کورٹس اور اپیلیٹ ٹربیونلز کے سامنے ٹیکس سے متعلق کُل 87,958 زیر التوا مقدمات میں 2.582 ٹریلین روپے کی بڑی رقم پھنسی ہوئی ہے۔ دستیاب سرکاری اعداد وشمار سے انکشاف ہوا کہ انکم ٹیکس، جنرل سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی سے متعلق ان لینڈ ریونیو سروس کے لیے مختلف عدالتی فورمز پر 30 ستمبر 2022 تک 2.333 ٹریلین روپے کے مقدمات کی کل تعداد 74,566 تھی۔ 30 ستمبر 2022 تک کسٹمز کے زیر التوا قانونی چارہ جوئی کے مقدمات 13,392 تھے جن میں 249 ارب روپے کے بقایا ٹیکس کی رقم شامل تھی۔ آئی آر ایس کے 2.333 ٹریلین روپے سمیت 74566 کے کل زیر التوا مقدمات میں سے سپریم کورٹ آف پاکستان میں 3244 کیسز زیر التوا ہیں جن میں 96 ارب روپے کی ٹیکس کی رقم واجب الادا ہے۔ تمام ہائی کورٹس میں لاہور ہائی کورٹ کل زیر التوا کیسز اور بقایا رقم کے حوالے سے سرفہرست ہے لاہور ہائیکورٹ کے سامنے کیسز کی تعداد 5305 ہے جبکہ ٹیکس کی بقایا رقم 369 ارب روپے ہے۔ سندھ ہائی کورٹ دوسرے نمبر پر ہے جیسا کہ آئی آر ایس کے زیر التواء کیسز کی کل تعداد 2509 اور ٹیکس کی بقایا رقم 210 ارب روپے ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے سامنے 1094 مقدمات زیر التوا ہیں جن میں 178 ارب روپے کی ٹیکس کی رقم واجب الادا ہے۔ پشاور ہائی کورٹ میں زیر التواء آئی آر ایس کیسز کی تعداد 321 رہی جبکہ ٹیکس کی بقایا رقم 8 ارب روپے تھی۔ بلوچستان ہائی کورٹ میں آئی آر ایس کے کل 11 کیسز زیر التوا ہیں جن میں 3 ارب روپے کی ٹیکس کی رقم شامل ہے۔ آئی آر ایس اپیلیٹ ٹربیونلز کے سامنے کل 62082 مقدمات زیر التوا ہیں اور ٹیکس کی بقایا رقم 1469 ارب روپے ہے۔ کسٹم کے زیر التوا قانونی چارہ جوئی کے مقدمات کی تفصیلات کے مطابق مجموعی طور پر 13392 زیر التوا مقدمات ہیں جن میں 249 ارب روپے کی پھنسی ہوئی رقم شامل ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کے سامنے کسٹمز کے 1453 کیسز زیر التوا ہیں جن میں 12 ارب روپے کی ٹیکس کی رقم شامل ہے۔

## مالیاتی فرق کو پُر کرنے کیلئے منی بجٹ کے ساتھ آئیں، آئی ایم ایف

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) بڑھتے ہوئے مالیاتی خسارے اور بیرونی مالیاتی فرق کے درمیان پاکستان اور آئی ایم ایف فریقین نظر ثانی شدہ میکرو اکنامک اور مالیاتی فریم ورک پر کام کررہے ہیں جس کے تحت بجٹ خسارہ اور بنیادی خسارہ متوقع اہداف کے مقابلے میں بڑے پیمانے پر بڑھنے کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف پاکستان سے اخراجات میں اضافے کے ساتھ ساتھ ٹیکس اور نان ٹیکس ریونیوز دونوں میں کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے 800 ارب روپے کے جی ڈی پی ریونیو کا اضافی 1 فیصد حاصل کرنے کا مطالبہ کررہا ہے۔ قرض کی فراہمی غیر معمولی سطح تک بڑھ گئی ہے جس سے مالیاتی محاذوں پر مزید دباؤ پڑتا ہے۔ بجٹ خسارہ مزید 750.4 ٹریلین روپے یا 79.3 ٹریلین روپے کے متوقع ہدف کے مقابلے میں جی ڈی پی کے 6 فیصد کے قریب جانے کا امکان ہے۔ بنیادی خسارے کا اب اندازہ لگایا گیا ہے کہ یہ سرپلس 152 ارب روپے کے متوقع ہدف کے مقابلے میں 18.2 ٹریلین روپے کے برابر جی ڈی پی کے 8.2 فیصد کے خسارے کو چھو سکتا ہے۔ اعلیٰ سرکاری ذرائع نے صحافیوں کے ایک منتخب گروپ کو بتایا کہ بڑے پیمانے پر مالیاتی خسارے کے تناظر میں آئی ایم ایف نے حکومت سے کہا ہے کہ وہ مالیاتی فرق کو پر کرنے کے لیے اضافی اقدامات کرتے ہوئے منی بجٹ کے ساتھ آئے۔ میکرو اکنامک فریم میں نیچے کی جانب نظر ثانی کی جائے گی کیونکہ جی ڈی پی گروتھ کا ہدف جی ڈی پی کے 2 فیصد تک کم کیا جا سکتا ہے اور مہنگائی 23 سے 25 فیصد کے لگ بھگ رہنے کا امکان ہے۔ سب سے اہم نیچے کی جانب مالیاتی فریم ورک پر نظر ثانی کرنا ہے جس کے تحت ٹیکس اور نان ٹیکس محصولات کے اہداف کو دوبارہ ایڈ جسٹ کیا جائے گا۔ ایف بی آر کو خسارے کا سامنا ہے اور اسے رواں مالی سال میں 47.7 ٹریلین روپے کے متوقع ہدف کے حصول کیلئے خسارے کا سامنا کرنے کا امکان ہے۔ درآمدی دباؤ کی وجہ سے ایف بی آر کے خسارے کا تخمینہ 400 سے 500 ارب روپے تک ہے۔ بیرونی طور پر پاکستان کو 32 سے 34 ارب ڈالرز کی حد میں ڈالرز کی آمد درکار ہے۔ آئی ایم ایف نے ایکسپورٹ پر مبنی صنعتوں کیلئے فیول سبسڈی پیکج میں اضافہ کیا اور اعتراض اٹھایا کہ حکومت کے تصور کے مطابق سبسڈی کی رقم 100 ارب روپے تک کم نہیں کی جائے گی۔ آئی ایم ایف نے اندازہ لگایا کہ بجلی اور گیس کی سبسڈی سے 200 ارب روپے خرچ ہونگے۔

## زبیر موتی والا ای اوٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی مقرر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی کابینہ نے کاروباری شخصیت زبیر موتی والا کو سی ای او ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان مقرر کرنے کی منظوری دیدی ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے تعیناتی کی منظوری دیدی ہے۔ سی ای او ٹی ڈیپ کی تعیناتی وزارت تجارت کی سمری پر کی گئی۔ زبیر موتی والا کی تعیناتی اعزازی بنیادوں پر کی گئی ہے۔ وہ تنخواہ نہیں لیں گے۔ وفاقی حکومت نے سی سی او ٹی ڈیپ کی تعیناتی مسابقتی عمل کے بغیر کی۔ محمد زبیر موتی والا معروف کاروباری شخصیت اور ایکسپورٹر ہیں۔ عارف احمد خان نے سی ای او ٹی ڈیپ کے عہدے سے استعفیٰ دیا تھا۔ ذرائع کے مطابق ماضی بھی کاروباری شخصیت کو ٹی ڈیپ کا سربراہ تعینات کرنے کی مثال موجود ہے۔ نواز شریف نے سابقہ لیگی حکومت میں کاروباری شخصیت ایس ایم منیر کو سی ای او ٹی ڈیپ تعینات کیا تھا۔









یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## ناردرن سرکل کی ذیلی کمیٹیوں کے چیئرمینوں کا انتخاب

**آفتاب احمد پبلیکیشن، آصف چوہدری سوشل ویلفئیر، زاہد معظم ریسرچ، حافظ عرفان لاء اینڈ آرڈر زاہد رضا آئینی کمیٹی کے چیئرمین ہوں گے۔**

**ظہیر محی الدین مصالحتی، اسد محمود ممبرشپ، آفتاب احمد لوکل ٹریڈ، محمد ایوب بلدیات اور اکرم ملک بجٹ کمیٹی کے چیئرمین ہوگئے۔**

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ایپما ناردرن سرکل نے بھی اپنی ذیلی کمیٹیوں کے چیئرمینوں کا انتخاب مکمل کرلیا۔ جس کی تفصیل ذیل میں دی جارہی ہے۔

### مصالحتی سب کمیٹی

ظہیر محی الدین چیئرمین، اراکین چوہدری فضل کریم، شیخ مبارک علی

### ممبرشپ سب کمیٹی

اسد محمود ملک چیئرمین، اراکین ظہیر محی الدین، شیخ راشد محمود، زاہد رضا، ندیم سعید دائیں

### لوکل ٹریڈ سب کمیٹی

آفتاب احمد ملک چیئرمین، اراکین محمد آصف چوہدری، شارق اقرار، حاجی ذوالفقار علی، ایم ایس اے تنویر

### لوکل باڈیز سب کمیٹی

محمد ایوب بٹ چیئرمین، اراکین حاجی آصف علی، آفتاب احمد ملک، محمد رشید، محمد علی شاد

### بجٹ اینڈ ٹیکسیشن سب کمیٹی

محمد اکرم ملک چیئرمین، اراکین خواجہ ادریس اے شہزاد، ظفر مہدی، شیخ سمیع اللہ، سجاد حیدر

### پریس اینڈ پبلی کیشن سب کمیٹی

آفتاب احمد ملک (چیئرمین)، اراکین: محمد معظم ملک، شیخ محمد جمشید، ذیشان ملک

### سوشل ویلفیئر سب کمیٹی

محمد آصف چوہدری (چیئرمین)، اراکین: محمد اسلم، خالد محمود ملک، تنویر احمد چوہدری، محمد احمد رضا

### ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ سب کمیٹی

زاہد معظم ملک (چیئرمین)، اراکین: ظہور احمد ملک، شیخ اختر سعید، محمد فیاض بٹ

### لاء اینڈ آرڈر سب کمیٹی

حافظ محمد عرفان (چیئرمین)، اراکین: ایوب بٹ، تنویر چوہدری، علی آصف بخاری، عبدالعالم

### آئینی سب کمیٹی

زاہد رضا (چیئرمین)، اراکین: شیخ اختر سعید، پرویز رضا چوہدری، شیخ امیر علی


## پنجاب بورڈ کے لئے ملوں نے اپنے نرخ کم کردیئے

لاہور (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ مقامی دو ملوں نے پنجاب ٹیکسٹ بورڈ کو دیئے گئے اپنے ۴۱ روپے فی کلو کے نرخ کم کرکے ۳۶ روپے بغیر واٹرمارک اور ۳۸ روپے واٹرمارک کے ساتھ کردیئے ہیں۔ تاہم آخری اطلاعات تک ملوں اور پنجاب بورڈ میں معاہدے پر دستخط نہیں ہوئے تھے۔ باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ پنجاب بورڈ ایک مل کی جانب سے سخت مخالفت کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہے اور اس بات کا امکان ہے کہ نرخ کم کئے جانے کے باوجود یہ ٹینڈر دوبارہ طلب کئے جائیں۔

## پیپر ملوں کی سٹہ بازی اور خوردہ فروشوں کی مشکلات پر چیئرمین ایپما کے نام خط

میں اس خط کے ذریعہ آپ تمام لوگوں کی توجہ ایک بہت اہم مسئلہ کی جانب دلا رہا ہوں اور وہ یہ ہے کہ مقامی پیپر ملیں اس وقت آپس میں مسابقت کی پالیسی کے تحت سٹہ کھیل رہی ہیں جس کے باعث مارکیٹ غیر مستحکم ہورہی ہے دوسری طرف رٹیلرز سب سے زیادہ نقصان اٹھا رہے ہیں۔

آپ حضرات جانتے ہیں کہ چھوٹے تاجر بہت تھوڑے سرمایہ سے کام کرتے ہیں اور اگر آپ نے اس سلسلہ میں ان کی مدد نہیں کی تو بہت سے تاجر برباد ہوجائیں گے۔ مجھے معلوم ہے کہ ایپما کا فیصلہ یہ ہے کہ "وہ قیمتوں کے امور میں فریق نہیں بنے گی" لہٰذا اس کو بنیاد بنا کر اس درخواست کو فارغ نہ فرمادیں کیونکہ یہ معاملہ بہت سے پہلوؤں سے غور اور حل طلب ہے، پہلی بات یہ ہے کہ یہ تنازعہ ملوں اور ایپما کے درمیان نہیں ہے بلکہ ڈسٹری بیوٹرز اور رٹیلرز کے درمیان ہے۔




## اسلام آباد پیپر مارٹ شدید مالی بحران میں، کئی ملین روپے کی ادائیگیوں میں مشکلات

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کراچی کی پیپر مارکیٹ میں اسلام آباد پیپر مارٹ مارکیٹ کی غیر یقینی صورتحال اور بعض ناگہانی وجوہات کے باعث شدید مالی بحران کی لپیٹ میں ہے اور اسے مارکیٹ کے ۳ درجن سے زائد دکانداروں کو ادائیگیوں میں شدید مشکلات کا سامنا ہے، معلوم ہوا ہے کہ یہ ادائیگیاں کئی ملین روپے کی ہیں۔ اس سلسلے میں سدرن سرکل میں فیجنگ کمیٹی اور وصول کنندگان کا ایک مشترکہ اجلاس بھی منعقد ہوا ہے جس میں اس بحران سے پیدا ہونے والی صورتحال پر غور کیا گیا، باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اسلام آباد پیپر مارٹ کے نمائندوں نے میجنگ کمیٹی کو تمام ادائیگیاں کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے تاہم اس کے لئے کچھ وقت طلب کیا ہے۔

## خامس سعید کو سیکریٹری ایپما کا انتباہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سیکریٹری ایپما ایم ایچ شکیل نے ایپما کے سابق رکن سینٹرل کمیٹی خامس سعید بٹ کو متنبہ کیا ہے کہ وہ ایپما کے لیٹرپیڈ کو استعمال کرنے کی غیر قانونی اور غیر اخلاقی حرکت سے باز رہیں۔ انہوں نے یہ انتباہ خامس سعید کی جانب سے لاہور کے اخبارات کے لئے لوکل ملوں کے مسئلے پر بحیثیت پریس سیکریٹری ایپما یکم اکتوبر کو ایک بیان جاری کرنے پر کیا ہے۔

## ایپما کی لوکل ٹریڈ کمیٹی کا اجلاس

لاہور (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی لوکل ٹریڈ کمیٹی کا ایک اجلاس ۱۹ اکتوبر کو لاہور میں طلب کیا گیا ہے۔ جس کی صدارت کمیٹی کے چیئرمین ملک عتیق الرحمان کریں گے۔ اجلاس میں مقامی ملوں کی جانب سے قیمتوں میں زبردست اتار چڑھاؤ، کا ڈیلر ڈسٹری بیوٹر کے درمیان قیمتوں کے فرق کے تنازعے اور ملوں کی جانب سے صارفین اور ڈسٹری بیوٹر کو ایک ہی قیمت پر مال فراہم کئے جانے سے پیدا شدہ صورتحال کے علاوہ ناردرن سرکل کی جانب سے قیمتوں میں ایپما کے فریق نہ بننے کے فیصلے کو واپس لینے کے مطالبے پر تفصیل سے غور کیا جائے گا۔ مارکیٹ ذرائع بالخصوص ناردرن سرکل میں اس اجلاس کو بہت اہمیت دی جارہی ہے۔

## پیپر مارکیٹ میں ڈکیتیوں میں ایک بار پھر اضافہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کراچی کی پیپر مارکیٹ میں گزشتہ دو ہفتوں میں ڈکیتیوں کی وارداتوں میں ایک بار پھر اضافہ ہوگیا ہے، اور گزشتہ ہفتے بھی ڈکیتی کی تین وارداتیں ہوئیں۔ واضح رہے کہ چند ماہ پیشتر ایسوسی ایشن نے پولیس کے اعلیٰ حکام سے صورتحال کو بہتر بنانے کا مطالبہ کیا تھا۔

## پاپگائی کے کارڈ کا اجراء شروع ہوگیا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری نے اپنے اراکین کو کارڈ کے اجراء کا آغاز کردیا ہے اور ممبران سے کہا ہے کہ وہ ۵۰ روپے کارڈ فیس، اور تازہ ترین تصاویر اور ممبرشپ فیس کی رسید کے ہمراہ ایسوسی ایشن کے دفتر واقع مشرق سینٹر کمرہ نمبر ۲۱۱ سے رجوع کرلیں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ایف ٹی او کا ایف بی آر ونگز کے درمیان رابطے 'منقطع' ہونے پر تشویش کا اظہار

لاہور (نیوز ڈیسک) وفاقی ٹیکس محتسب (ایف ٹی او) ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے ریجنل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن (آئی اینڈ آئی) ان لینڈ ریونیو کراچی اور لاہور اور کراچی اور لاہور کے متعلقہ ریجنل ٹیکس آفسز (آر ٹی اوز) کے درمیان بڑے پیمانے پر رابطہ منقطع ہونے پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایف ٹی او کے ایک حکم کے مطابق، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف آئی اینڈ آئی۔ آئی آر، اسلام آباد کو ہدایت کرنی چاہیے کہ وہ تیزی سے آر ٹی او، سی سی آئی آر لاہور کو دھوکہ دہی کرنے والوں کے خلاف سول/ مجرمانہ ذمہ داری کا تعین کرنے میں مکمل تعاون/ کوآرڈینیشن فراہم کرے۔ دھوکہ دہی/ ناقابل قبول ان پٹ ٹیکس ایڈجسٹمنٹ کا دعویٰ کرنے میں ایف بی آر نے ممبر آئی ٹی، ایف بی آر/ پی آر اے ایل کو اس معاملے میں فرانزک آڈٹ کرنے کی بھی ہدایت کی ہے تاکہ تحقیقات کے بامعنی نتائج میں مدد مل سکے۔ سنٹرل رجسٹریشن آفس سی آر او مقامی رجسٹریشن آفسز ایل آر اوز کے رجسٹرڈ شخص کے نام اور پتہ کی تبدیلی کی اجازت دینے میں، مبینہ طور پر شکایت کنندہ کے علم کے بغیر، کی تحقیقات کریں۔ ایف بی آر کو متعلقہ فارمیشنوں کو ہدایت دینی چاہیے کہ وہ تیزی سے درج بالا خطوط پر ہونے والی تحقیقات کے نتائج RTO،CCIR لاہور کو فراہم کرے تاکہ مقدمے کے حقیقی میرٹ کا تعین کرنے میں فیصلہ کرنے والے اتھارٹی کی مدد کی جا سکے۔ اور (v)45 دنوں کے اندر تعمیل کی اطلاع دیں۔ یہ شکایت ڈپٹی کمشنر آئی آر، آر ٹی او، زون آئی لاہور کے خلاف وفاقی ٹیکس محتسب آرڈیننس 2000 (ایف ٹی او آرڈیننس) کے سیکشن 10(1) کے تحت شکایت کنندہ کے خلاف مورخہ 14.05.2022 کو شوکاز نوٹس جاری کرنے کے لیے دائر کی گئی تھی۔ یہ واضح ہے کہ ریجنل ڈائریکٹوریٹ آئی اینڈ آئی۔ آئی آر کراچی اور لاہور اور متعلقہ آر ٹی او کراچی اور لاہور کے درمیان بڑے پیمانے پر رابطہ منقطع ہے جبکہ شکایت کنندہ کو کیس کی مجموعی تصویر کی تعریف کیے بغیر وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا گیا ہے۔ اس معاملے میں کی گئی تفتیش آدھی پکی ہے اور اصل مجرم، جنہوں نے اصل میں ناقابل قبول/ دھوکہ دہی سے ان پٹ ٹیکس ایڈجسٹمنٹ کا دعویٰ کیا تھا، کا تعین ہونا باقی ہے۔ آر ٹی او لاہور کی صلاحیت کے سنگین مسائل/ انسانی وسائل کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے، جیسا کہ آر ٹی او لاہور کے ڈی آر نے سماعت کے دوران اظہار کیا، ملک بھر میں مؤثر طریقے سے تحقیقات/ کوآرڈینیشن کرنے کے لیے، یہ ضروری ہے کہ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف آئی آر ایل ون اسلام آباد اپنی مناسب مدد فراہم کرے۔ بڑے ٹیکس فراڈ کے اس کیس کی تحقیقات کے لیے آر ٹی او لاہور سے تعاون جس سے ڈائریکٹر آئی اینڈ آئی، آئی آر کراچی اور لاہور متفق ہیں۔ مزید یہ کہ اس معاملے میں فرانزک آڈٹ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، اس لیے ایف بی آر اور آئی ٹی اور پی آر اے ایل کو اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے تاکہ تفتیش کے بامعنی نتائج میں مدد مل سکے۔ یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ جعلسازوں کی طرف سے ان پٹ ٹیکس ایڈجسٹمنٹ کا بار بار نظامی غلط استعمال ناکارہ سنٹرل رجسٹریشن آفس سی آر او لوکل رجسٹریشن آفسز ایل آر اوز کی وجہ سے ہے جس کو اصلاحی اقدامات کے لیے سنجیدگی سے تفصیلی جائزہ لینے کی ضرورت ہے کیونکہ تمام جعلی/ دھوکہ دہی والے سیلز ٹیکس والے رجسٹرڈ ہیں سی آر او، ایل آر اوز کے کمزور ریگولیٹری کنٹرولز کی وجہ سے رجسٹرڈ ہوسکتا ہے جس میں نااہلی، غفلت، کوتاہی اور کمیشن شامل ہوسکتے ہیں۔

# حکومت کی پالیسیوں نے کاروبار کو تباہ کر دیا، محمد کاشف چوہدری

سکھر (نیوز ڈیسک) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر محمد کاشف چوہدری نے کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی، ڈالر کی اونچی اڑان اور محکمہ ایف بی آر اور حکومتی پالیسیوں نے صنعت و تجارت اور کاروبار کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے، تاجر برادری پر ٹیکسز کی بھرمار، بجلی، گیس کی قیمتوں میں آئے روز اضافے کے ساتھ ساتھ محکمہ ایف بی آر کی نت نئی پالیسیوں کی وجہ سے کاروباری طبقہ شدید پریشانیوں اور دشواریوں میں مبتلا ہو چکا ہے، فوری طور پر میثاق معیشت تشکیل دے کر تاجروں کے مسائل کو ہنگامی بنیادوں پر حل کر کے صنعت و تجارت اور کاروبار کے فروغ کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں، بصورت دیگر تاجر برادری شدید احتجاج کرنے پر مجبور ہوگی۔ وہ دورہ سکھر کے موقع پر تاجر سکریٹریٹ گولڈ سینٹر میں سکھر اسمال ٹریڈرز کے صدر حاجی محمد جاوید میمن سے ملاقات اور سکھر اسمال ٹریڈرز کے منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔

# اشاعت قرآن پاک طباعت اور ریکارڈنگ کی اغلاط کا خاتمے کا ترمیمی بل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی نے اشاعت قرآن پاک (طباعت اور ریکارڈنگ کی اغلاط کا خاتمہ) (ترمیمی) بل 2022ء کی منظوری دے دی ہے۔ پیر 14 نومبر 2022 کو قومی اسمبلی میں وفاقی وزیر مذہبی امور مفتی عبدالشکور نے تحریک پیش کی کہ اشاعت قرآن پاک (طباعت اور ریکارڈنگ کی اغلاط کا خاتمہ) (ترمیمی) بل 2022ء کو قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں زیر غور لایا جائے۔ ایوان سے تحریک کی منظوری کے بعد سپیکر راجہ پرویز اشرف نے ایوان سے بل کی یکے بعد دیگرے تمام شقوں کی منظوری حاصل کی۔ وفاقی وزیر مفتی عبدالشکور نے تحریک پیش کی کہ اشاعت قرآن پاک (طباعت اور ریکارڈنگ کی اغلاط کا خاتمہ) (ترمیمی) بل 2022ء منظور کیا جائے۔ قومی اسمبلی نے بل کی منظوری دے دی۔

# پورٹ قاسم پر 2860 کنٹینرز کلیئرنگ کے منتظر ہیں

کراچی (بزنس ڈیسک) کراچی کے پورٹ قاسم پر 3 ہزار کے قریب کنٹینر کلیئرنس نہ ملنے کے باعث پھنس گئے، 600 سے زائد کنٹینرز میں موجود سامان ایکسپائر ہوگیا جبکہ محصولات کا بھی نقصان ہو رہا ہے، لاکھوں ڈالر کا سامان ضائع ہونے کا خدشہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق پورٹ قاسم کراچی پر 2 ہزار 860 کنٹینرز کلیئرنس کے منتظر ہیں۔ پورٹ پر موجود 640 کنٹینرز کا سامان ایکسپائر ہوگیا، ان کنٹینرز میں فوڈ آئٹمز اور کاسمیٹکس کا سامان موجود تھا، دیگر کنٹینرز میں گاڑیاں، موبائل فونز، ہوم اپلائنسز اور فرنیچر موجود ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کنٹینرز امپورٹ پالیسی آرڈر اور مس ڈکلیریشن کے باعث رکے ہوئے ہیں۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے چیئرمین عاصم احمد کا کہنا ہے کہ کنٹینرز رکنے سے محصولات کا نقصان بھی ہوا ہے، 23 ونٹیج گاڑیاں امپورٹ پالیسی آرڈر کی خلاف ورزی کے باعث کھڑی ہیں۔

## ایف بی آر نے 31 جنوری 2023 تک پی او ایس انعامی اسکیم معطل کر دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر نے 31 جنوری 2023 تک پی او ایس انعامی اسکیم معطل کر دی، ایف بی آر کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ایس آر او 1005 کو معطل کر دیا گیا ہے تاکہ عوام کے لئے اس اسکیم کو زیادہ بہتر بنایا جاسکے جس میں زیادہ سے زیادہ لوگ شریک ہوسکیں تاہم اس دوران تمام تصدیق شدہ انوائسز کو اگلی انعامی قرعہ اندازی میں شامل کیا جائے گا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## پاکستان پوسٹ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: H-1/Stock/2021-22
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 25 نومبر 2022ء
برائے رابطہ: دفتر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ MST"Q" ڈویژن، کوئٹہ۔
فون: 081-2901560

## فاؤنڈیشن سیڈ سیل کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

پیپر A4 سائز، تعداد: 100 ریم۔ اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 نومبر 2022ء
برائے رابطہ: پروجیکٹ ڈائریکٹر آفس، فیصل آباد۔
فون: 041-920167172

## بہاولپور انٹر بورڈ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

کورشیٹ برائے امتحانی جوابی کاپی۔
جوابی کاپی میٹرک اور پریکٹیکل۔
جوابی کاپی انٹرمیڈیٹ اور پریکٹیکل۔
(تمام آئٹمز بڑی مقدار میں)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 نومبر 2022ء
